سوال

(194) قسطوں میں زکوۃ کی ادائیگی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک تنخواہ دار شخص ہوں، اور میری بیوی کے پاس ۱۰ تولہ سونا ہے، کیا میں زکوۃ ماہانہ قسط کی شکل میں ادا کر سکتا ہوں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پہلی بات یہ ہے کہ میاں اور بیوی کی ملکیت الگ الگ ہوتی ہے۔ اگر آپ کی بیوی کے پاس زیور ہے تو اس کی زکوۃ بھی اسی پر واجب اور فرض ہے کہ وہ اپنے سونے میں سے ہی زکوۃ نکالے، اور ہر سال اس سونے کا اڑھائی فیصد بچ کر اس سے زکوۃ ادا کرے۔ آپ پر بیوی کے زیورات کی زکوۃ نکالنا فرض نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث